Principles of Banking Icom Part 2 Urdu Medium Chapter 9 Online Test

Sr	Questions	Answers Choice
1	وہ کون سا چیک ہے جس کی رقم بنک کے کاؤنٹر سے براہ راست وصول نہیں کی جا سکتی	A. حامل چیک B. حکمی چیک C. کراس چیک D. مذکورہ میں سے کوئی نہیں
2	اگر چیک کی کراسکاری میں کسی خاص بنک کا نام بھی لکھا ہو تو اسے کیا کہیں گے	A. با ضابطہ کراس کاری B. بے ضابطہ کراس کاری C. عومی کراس کاری D. خصوصی کراس کاری
3	درج ذیل میں سے کون سا چیک منظور شدہ چیک کہلاتا ہے	A. وہ چیک جسے مرتب الیہ ادائیگی کے لئے قبول کرتا ہے B. وہ چیک جسے وصول کنندہ قبول کرتا ہے C. وہ چیک جسے تصدیق الیہ قبول کرتا ہے D. وہ چیک جسے مذکورہ تمام میں سے کوئی بھی قبول کرے
4	اصطلاح "چیک کا مسترد ہونا" استعمال کی جاتی ہے	A. اگر بنک چیک کی رقم ادا کرنے سے انکار کر دے B. اگر بنک چیک کی رقم کی ادائیگی روک دے C. اگر بنک چیک کی رقم کی ادائیگی میں تاخیر کرے D. اگر بنک چیک کو حساب گھر میں پیش کرے
5	چیک کی کراس کاری کو کون منسوخ کر سکتا ہے	A. مرتب کنندہ B. مرتب الیہ C. قابض D. مذکورہ تمام
6	درج ذیل میں سے چیک کا تصدیق الیہ کون ہے	A. وہ جس نے چیک کی رقم وصول کرنی ہو B. وہ جس کے نام چیک کے حقوق منتقل کئے جائیں C. وہ جس کے نام چیک مرتب کیا گیا ہو D. وہ جس نے چیک مرتب کیا ہو
7	چیک کی ہر پرت پر گاہک کا درج ہوتا ہے	A. نام B. پتہ C. ٹیلی فون D. کھاتہ نمبر
8	بنک ہر چیک پر وصول کرتا ہے	A. منافع B. کمیشن C. ٹیکس D. ڈیوٹی
9	چیک کی وہ کون سی قسم ہے جسے ہر وہ شخص کیش کرواسکتا ہے جس کے پاس ہو	A. حامل چیک B. حکمی چیک C. کراس چیک D. سادہ چیک
10	چیک کس قسم کا آلہ اعتبار ہے	A. تحویل پذیر B. جزوی تحویل پذیر C. غیر تحویل پذیر D. مذکورہ تمام میں سے کوئی نہیں
11	درج ذیل میں سے چیک کا مرتب الیہ کون ہے	A. وصول کنندہ B. بنک C. گاہک D. تصدیق
12	چیک پر کراس کاری کون کرتا ہے	A. مرتب کنندہ B. مرتب الیہ C. قابض D. مذکورہ تمام
13	چیک کا مرتب کنندہ چیک کی پشت پر دستخط کر کے چیک کے حقوق کسی دوسرے شخص کو منتقل کرے تو یہ ہوگی	A. اہم تبدیلی B. تظہیر یا تصدیق C. کراس کاری D. قبولیت
14	چیک ایک تحریری حکم نامہ ہے جسے جاری کیا جاتاہے	A. تصدیق الیہ کے نام B. بنک کے نام C. گاہک کے نام D. مذکورہ تمام

15	وہ کون سا چیک ہے جس کو پر کئے بغیر دستخط کرکے جاری کیا گیاہو	A. سادہ چیک B. خالی چیک C. کھلا چیک D. سفری چیک